# PHD PAKISTAN HOTELS DEVELOPERS LIMITED

## NOTICE OF 42nd ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 42nd Annual General Meeting of **PAKISTAN HOTELS DEVELOPERS LIMITED** will be held on October 28, 2021 at 3:00 PM. at Registered Office of the Company 195/2, Regent Plaza Hotel, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi to transact the following business:

1. To confirm the minutes of 41st Annual General Meeting held on October 27, 2020.
2. To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements for the year ended June 30, 2021, together with the Directors' and Auditors' reports thereon.
3. To appoint Auditors for the year ending June 30, 2022 and to fix their remuneration.
4. Any other business with the permission of the Chair.

By the order of the Board

**M. Taha Ali Khan**
Company Secretary

KARACHI: October 07, 2021

**NOTES:**

1. Any member of the company entitled to attend and vote at the Annual General Meeting is entitled to appoint another member as a proxy to attend and vote on the member's behalf. Proxies must be deposited with the Secretary of the Company or Independent Share Registrar Office not less than 48 hours before the meeting.
2. The share transfer books of the company shall remain closed from October 21, 2021 to October 28, 2021 (Both days inclusive). Transfers, complete in all respects, received at our Independent Share Registrar Office M/s. F.D. Registrar Service (SMC-PVT. Ltd.), 17th Floor, Saima Trade Tower – A, I.I. Chundrigargh Road, Karachi by October 20, 2021 will be entitled to attend the meeting and will be treated in time.
3. Shareholders are requested to notify the Company of any change in their addresses.
4. Shareholders are also requested to notify the Company their CNIC No.(Passport No. if Foreigner) as required by S.R.O.49(1)/2003 dated January 15, 2003 and Circular No.13/2004 dated March 05, 2004.

   C.D.C. Account Holders will further have to follow the under mentioned guidelines as laid down in Circular 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

**a) For attending A.G.M.**

i) In case of Individuals, the account holder or sub account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the regulations, shall authenticate his or her identity by showing his / her original Computerized National Identity Card (CNIC) or Original Passport at the time of attending the meeting.

ii) In case of Corporate entity, the Board of Directors resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

**b) For appointing Proxies**

i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and of the proxy shall be furnished with proxy form.

iv) The Proxy shall produce his / her original CNIC or original passport at the time of the meeting.

v) In case of a corporate entity, the Board of Directors resolution / power of attorney with specimen signatures shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with form to the company.

# PHD پاکستان ہوٹلز ڈیویلپرز لمیٹڈ

## بیالیسواں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان ہوٹلز ڈیویلپرز لمیٹڈ کا بیالیسواں سالانہ اجلاس عام 28 اکتوبر 2021ء کو بوقت 03:00 بجے دن بمقام کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 195/2، ریجنٹ پلازہ ہوٹل، شاہراہ فیصل کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

1۔ اکتالیسویں اجلاس عام منعقدہ 27 اکتوبر، 2020ء کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ 30 جون، 2021ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے جانچ پرتال شدہ مالیاتی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3۔ 30 جون 2022 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا انتخاب اور ان کے معاوضے کا تعین۔

4۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

**حسب الحکم بورڈ**

محمد طہ علی خان
**کمپنی سیکریٹری**

**کراچی**
07th **اکتوبر** 2021ء

**نوٹس:-**

1- جو کوئی بھی رکن سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ہے وہ اپنے بجائے کسی دوسرے رکن کو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے نمائندہ مقرر کرسکتا ہے۔ نمائندہ گان کی درخواستیں کمپنی کے سیکریٹری کے پاس یا کمپنی کے انڈیپنڈنٹ شیئر رجسٹرار کے پاس اجلاس انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازمی جمع کرادی جائیں۔

2- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 21 اکتوبر 2021 سے 28 اکتوبر 2021ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ٹرانسفر جو ہر طرح سے مکمل ہوں کمپنی کے انڈیپنڈنٹ شیئر رجسٹرار آفس میسرز F.D. رجسٹرار سروسز (SMC-Pvt.) لمیٹڈ، 17th فلور، صائمہ ٹریڈ ٹاور-A، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں مورخہ 20 اکتوبر 2021 تک موصول ہوئے ہوں، وہ اجلاس میں شرکت کرنے کے اہل ہونگے۔

3- شیئر ہولڈرز سے گذارش ہے کہ اگر ان کے پتے میں کوئی تبدیلی واقع ہو تو کمپنی کو مطلع کردیں۔

4- حصص یافتگان سے ایس آر او/ 2003(1)49 مورخہ 15 جنوری 2003ء اور سرکلر نمبر 13/2004 مورخہ 5 مارچ 2004ء کے مطابق کمپیوٹرائیزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (پاسپورٹ نمبر غیر ملکی ہونے کی صورت میں) بھی کمپنی کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر 1 مورخہ 26 جنوری 2000ء کی حسب ذیل گائیڈ لائنز پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

**(الف) ... سالانہ اجلاس میں شرکت کے لئے**

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا فرد جنکی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈڈ (مندرج) ہیں وہ اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کی تصدیق کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کریں گے۔

(ii) کارپوریٹ کی صورت میں اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی' نامزد فرد کے دستخط کے نمونے کے ساتھ پیش کریں گے۔ (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کئے گئے ہیں)۔

**(ب) ... پراکسیز کی تقرری کے لئے**

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر/ یا فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور انکی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈڈ (مندرج) ہیں وہ پراکسی فارم مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق پیش کرینگے۔

(ii) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ان کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز فارم میں درج کئے جائیں گے۔

(iii) مُستفید ہونے والے ملکان اور پراکسی کے تصدیق شدہ سی این ائی سی یا پاسپورٹ پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیگی۔

(iv) پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اوریجنل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کریں گے۔

(v) ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، دستخط کے نمونے کے ساتھ کمپنی کو پیش کریں گے۔ (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کئے گئے ہیں)۔